© rasailojaraid.com



ثواب کیا گیا۔　　(مولانا محمد رمضان صاحب مہتمم جامعہ عربیہ میانوالی۔

★ علم و عمل اور تقویٰ کے پیکر قہرمان قاری محمد طیب صاحب کی وفات کا سن کر بڑا قلق ہوا۔ وہ صرف ایک عالم فاضل نہیں تھے۔ انسان ساز تھے، انجمن تھے، ادارہ تھے اور "دیوبند" تھے۔

خدا ان کو غریق رحمت کرے اور ان کے پیروں کاروں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ کیا یہ بہتر نہیں ہو گا کہ قہرمان قاری طیب صاحب پر "الحق" کا ایک اچھا اور مستند نمبر نکالا جائے تاکہ اسلام پر حوالہ جاتی کتب میں ایک اور اچھی کتاب کا اضافہ ہو سکے جہاں سے تشنگان دیوبند اپنی پیاس بجھا سکیں۔　　محمد پرویش شاہین منگلور سوات

★ حضرت مولانا افغانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کی خبر سن کر نہایت صدمہ ہوا۔ ان کے وصال پر سب سے زیادہ تعزیت کے متعلق آپ حضرات ہیں اس لئے کہ ان کو دارالعلوم حقانیہ سے نہایت محبت تھی۔ اور کئی بار جناب کا اور دارالعلوم کا تذکرہ نہایت محبت سے کرتے تھے۔ ان کے وصال پر اپنے مدرسہ خضریہ میں ختم کلام پاک کا ایصال ثواب کیا گیا اور تعزیتی اجلاس بھی ہوا۔　　(تراب الاقدام جلال الدین بھیرہ)


وضو قائم رکھنے کے لئے جوتے پہننا بہت ضروری ہے ہر مسلمان کی کوشش ہونی چاہیئے کہ اس کا وضو قائم رہے۔

سروس انڈسٹریز

پائیدار۔ دلکش۔ موزوں اور واجبی نرخ پر جوتے بناتی ہے

Servis

سروس شوز

قدم قدم حسین قدم قدم آرام




© rasailojaraid.com